Save & Print

Roll No:
Application No:
Name:
Exam Date: **06-Oct-2020**
Exam Time: **15:00-18:00**
Examination: **1. Course Code - Advanced Diploma in Mass Media**
**2. Field of Study - Urdu (URDA)**

**SECTION 1 - SECTION 1**

**Question No.1 (Question Id - 2)**

اس مصنف کا نام بتایئے جس میں لکھنے والا اپنے تدبیر، تجربے، ذہانت اور سیاسی وسماجی سوجھ بوجھ سے معاملات کی تہوں کو کھولتا اوران کے مختلف پہلوؤں کو روشن کرتا ہے۔

(A) ○ اشتہار

(B) ○ فیچر

(C) ○ کالم **(Correct Answer)**

(D) ○ انٹرویو

**Question No.2 (Question Id - 70)**

ہندوستان کی پہلی رنگین فلم کون سی ہے؟

(A) ○ عالم آرا

(B) ○ راجہ ہریش چندر

(C) ○ کسن کنیا **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.3 (Question Id - 64)**

ایڈیٹرس گلڈ آف انڈیا کے صدر کون ہیں؟

(A) ○ اے۔ کے۔ بھٹاچاریہ

(B) ○ شیلا بھٹ

(C) ○ شیکھر گپتا **(Correct Answer)**

(D) ○ وجے نائک

**Question No.4 (Question Id - 22)**

ہندوستان میں ٹی وی نشریات کی ابتدا کس شہر سے ہوئی؟

(A) ○ دہلی **(Correct Answer)**

(B) ○ ممبئی

(C) ○ کلکتہ

(D) ○ پونہ

**Question No.5 (Question Id - 20)**

ٹکر اِسکرولنگ (Ticker Scrolling) کے متعلق کون کون سی رائے درست ہے؟

I۔ ٹی وی اسکرین پر اسکرول یعنی متحرک پٹی کو ٹکر اِسکرولنگ کہا جاتا ہے۔

II۔ اسکرین پر لکھے گئے ٹی وی اینکر کے نام کو ٹکر اِسکرولنگ کہا جاتا ہے۔

III۔ وڈیوس یا متحرک تصاویر کی تفصیل کو ٹکر اِسکرولنگ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

IV۔ ٹکر اِسکرولنگ میں اہم خبروں کی تفصیل ہوتی ہے۔

(A) ○ II،I

(B) ○ III،II

(C) ○ IV،III

(D) ○ IV،I **(Correct Answer)**

**Question No.6 (Question Id - 15)**

نیچے دو بیان درج ہیں۔ انہیں (دعویٰ A) اور (وجہ R) کے عنوان سے پیش کیا جا رہا ہے۔ دونوں بیانات کو ایک دوسرے کے تناظر میں دیکھتے ہوئے بتائیں کہ کون سا جواب درست ہے۔

دعویٰ (A): حقِ اطلاعات (RTI) نے ہندوستان میں اچھی حکمرانی میں دشواریاں پیدا کی ہیں۔

وجہ (R): حقِ اطلاعات تحقیقاتی صحافت کی نوعیت والے ماس میڈیا کے لیے خبروں کے حصول کا ایک مستند وسیلہ بن گیا ہے۔

(A) ○ (A) اور (R) دونوں صحیح ہے۔

(B) ○ (A) صحیح نہیں ہے (R) صحیح ہے۔ **(Correct Answer)**

(C) ○ (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) کو (A) کی صحیح وجہ نہیں مانا جاسکتا

(D) ○ (A) صحیح ہے (R) صحیح نہیں ہے۔

**Question No.7 (Question Id - 33)**

ڈوپ شیٹ (Dopesheet) کے متعلق کون سے اقوال درست ہیں؟

I۔ کیمرے کے ذریعے کسی بھی شاٹ یا تصویر اور بائیٹس کی تفصیل کو ڈوپ شیٹ کہا جاتا ہے۔

II۔ ٹیکنیکل ایڈیٹر، اسٹوری کو ایڈٹ کرتے وقت ڈوپ شیٹ کی مدد سے تصویروں اور بائیٹس کا انتخاب کرتا ہے۔

III۔ کسی ایک بلیٹن میں کتنی خبریں پیش کی جائیں گی، ان کی تفصیل کو ڈوپ شیٹ کہا جاتا ہے۔

IV۔ بلیٹن آپریٹر، ڈوپ سیٹ کی مدد سے ہی خبروں کو آن ایئر کرتا ہے۔

(A) ○ II،I **(Correct Answer)**

(B) ○ III،II

(C) ○ IV،III

(D) ○ IV،I

**Question No.8 (Question Id - 41)**

عالمی یومِ ریڈیو کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

(A) ○ 30 اگست

(B) ○

6 اکتوبر

(C) ○ 13 فروری (Correct Answer)

(D) ○ 10 نومبر

**Question No.9 (Question Id - 16)**

نیچے دو بیان درج ہیں۔ انہیں (دعویٰ A) اور (وجہ R) کے عنوان سے پیش کیا جا رہا ہے۔ دونوں بیانات کو ایک دوسرے کے تناظر میں دیکھتے ہوئے بتائیں کہ کون سا جواب درست ہے۔

دعویٰ (A): ہماری رائے میں پریس کونسل آف انڈیا کو اب میڈیا کونسل آف انڈیا کہا جانا چاہیے۔

وجہ (R): کیوں کہ الیکٹرانک میڈیا کی رہنمائی میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے، تو ایسے معاملات بھی ہیں جن کو اس کے دائرے میں آنا چاہیے۔

(A) ○ (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں۔ (Correct Answer)

(B) ○ (A) صحیح ہے لیکن (R) صحیح نہیں ہے۔

(C) ○ (A) صحیح نہیں ہے لیکن (R) صحیح ہے۔

(D) ○ (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) کو (A) کی صحیح وجہ نہیں مانا جا سکتا۔

**Question No.10 (Question Id - 39)**

MW سے کیا مراد ہے

(A) ○ میڈیم ویو (Correct Answer)

(B) ○ مڈل ویو

(C) ○ مکسڈ ویو

(D) ○ ماڈریٹ ویو

**Question No.11 (Question Id - 19)**

سیریل مرزا غالب میں غالب کا کردار کس نے ادا کیا تھا؟

(A) ○ نصیر الدین شاہ (Correct Answer)

(B) ○ فاروق شیخ

(C) ○ رضا مراد

(D) ○ ٹام الٹر

**Question No.12 (Question Id - 65)**

پی ٹی آئی کیا ہے؟

(A) ○ انگریزی اخبار

(B) ○ کالم نویسوں کی تنظیم

(C) ○ صحافتی تعلیمی ادارہ

(D) ○ خبر رساں ایجنسی (Correct Answer)

**Question No.13 (Question Id - 78)**

میڈیا سماج کے لیے آئینے کے طور پر کام کرتا ہے کیونکہ وہ

(A) ○ سیاسی ایجنڈے پر نظر رکھتا ہے

(B) ○ سماج میں ہونے والے واقعات و حادثات کو لوگوں تک پہنچاتا ہے **(Correct Answer)**

(C) ○ سماج میں بیداری پیدا کرتا ہے

(D) ○ سبھی

**Question No.14 (Question Id - 43)**

آل انڈیا ریڈیو کی سگنیچر ٹیون کس نے بنائی تھی؟

(A) ○ لائینل فیلڈن

(B) ○ کیفی اعظمی

(C) ○ فراق گورکھپوری

(D) ○ ولیم فوکنر **(Correct Answer)**

**Question No.15 (Question Id - 90)**

ہندوستانی سنیما کی پہلی خاتون پروڈیوسر اور ڈائرکٹر کون ہیں؟

(A) ○ عالم آرا

(B) ○ ڈبلیو ایم خان

(C) ○ اردشیر ایرانی

(D) ○ فاطمہ بیگم **(Correct Answer)**

**Question No.16 (Question Id - 10)**

مشہور زمانہ فلم 'مغلِ اعظم' کے ہدایت کار کون تھے؟

(A) ○ راج کپور

(B) ○ ستیہ جیت رے

(C) ○ کے آصف **(Correct Answer)**

(D) ○ خواجہ احمد عباس

**Question No.17 (Question Id - 63)**

اردو کی اہم ویب سائٹ 'ریختہ' کے بانی کون ہیں؟

(A) ○ شمیم حنفی

(B) ○ تھامس گرے

(C) ○ گوپی چند نارنگ

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں **(Correct Answer)**

**Question No.18 (Question Id - 4)**

ہفتہ وار، پندرہ روزہ، ماہانہ، سہ ماہی اور سالنامے کی اصطلاح کس میڈیا کے لیے استعمال کی جاتی ہے؟

(A) ○ اخبار

(B) ○ رسالہ (Correct Answer)

(C) ○ کتب

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.19 (Question Id - 11)**

ستیہ جیت رے، مرنال سین، بمل رائے، گرودت اور وی شانتارام کس نوعیت کی فلموں کے لیے زیادہ مشہور ہوئے؟

(A) ○ آرٹ فلم (Correct Answer)

(B) ○ کمرشیل فلم

(C) ○ ٹیلی فلم

(D) ○ شارٹ فلم

**Question No.20 (Question Id - 87)**

منشی نول کشور نے کون سا اخبار جاری کیا تھا؟

(A) ○ اودھ نامہ

(B) ○ اخبارِ لکھنؤ

(C) ○ اودھ پنچ

(D) ○ اودھ اخبار (Correct Answer)

**Question No.21 (Question Id - 29)**

درج ذیل میں کون سے بیانات درست ہیں؟

I۔ ڈاکیومنٹری میں کمینٹری یعنی بیانیہ کا استعمال ہوتا ہے

II۔ ڈاکیومنٹری حقائق پر مبنی ہوتی ہے۔

III۔ ڈاکیومنٹری میں کہانی ہوتی ہے۔

IV۔ ڈاکیومنٹری میں انٹرویو کو پیش کیا جاتا ہے۔

(A) ○ I,II

(B) ○ II,III

(C) ○ III,IV

(D) ○ I,II,IV (Correct Answer)

**Question No.22 (Question Id - 57)**

فری پریس آف انڈیا کے بانی کون ہیں؟

(A) ○ کے سی رائے

(B) ○ ایس سدانند (Correct Answer)

(C) ○ بی جی ورگیز

(D) ○ آر بی گوینکا

**Question No.23 (Question Id - 81)**

نیچے دو بیان درج ہیں۔ انہیں (دعوی۔A) اور (وجہ۔R) کے عنوان سے پیش کیا جا رہا ہے۔ دونوں بیانات کو ایک دوسرے کے تناظر میں دیکھتے ہوئے بتائیں کہ کون سا بیان درست ہے۔

دعوی۔A: میڈیا واچ ڈاگ کی حیثیت سے خدمات انجام دیتا ہے

وجہ۔ R : کیونکہ یہ سماج کو تحفظ فراہم کرتا ہے

(A) A صحیح ہے، R درست نہیں ہے

(B) دونوں A اور R صحیح ہیں۔ R کے تحت مذکور وجہ A کی درست توضیح ہے **(Correct Answer)**

(C) R صحیح ہے، A درست نہیں ہے

(D) دونوں A اور R صحیح ہیں۔ R کے تحت مذکور وجہ A کی درست توضیح نہیں ہے

**Question No.24 (Question Id - 42)**

ریڈیو نشریات میں ۔۔۔۔ کو مرکزی اہمیت حاصل ہے۔

(A) انٹرنیٹ

(B) اینٹینا

(C) ٹرانسمیٹر **(Correct Answer)**

(D) اِن میں سے کوئی نہیں

**Question No.25 (Question Id - 88)**

سرکاری سطح پر سب سے زیادہ کثیر الاشاعت پبلی کیشن کون سا ہے؟

(A) امپلائمنٹ نیوز **(Correct Answer)**

(B) کروکشیتر

(C) سرکھچا

(D) یوجنا

**Question No.26 (Question Id - 40)**

صحیح جوڑ ملایئے۔

| List I | | List II | |
|---|---|---|---|
| کتاب | | مصنف | |
| a۔ | اردو میں نشریاتی ادب | 1۔ | مسعود قریشی |
| b۔ | رہنمائے نشریات | 2۔ | خواجہ حسن نظامی |
| c۔ | آل انڈیا ریڈیو اور اردو | 3۔ | رفعت سروش |
| d۔ | کانا باتی | 4۔ | ڈاکٹر محمد شکیل اختر |

(A) 1۔(d)، 2۔(c)، 3۔(b)، 4۔(a)

(B) 2۔(d)، 3۔(c)، 1۔(b)، 4۔(a) **(Correct Answer)**

(C)

4_(d) ،3_(c) ،2_(b) ،1_(a)

(D) ○ 2_(d) ،4_(c) ،1_(b) ،3_(a)

**Question No.27 (Question Id - 69)**

ہندوستان کی پہلی تھری ڈی اینی میٹیڈ فلم کون سی ہے؟

(A) ○ روڈ سائڈ رومیو (Correct Answer)

(B) ○ غائب آیا

(C) ○ ہنومان

(D) ○ بال گنیش

**Question No.28 (Question Id - 67)**

ہندوستان میں سب سے پہلے خاموش فلم کس نے بنائی؟

(A) ○ دادا صاحب پھالکے (Correct Answer)

(B) ○ کے آصف

(C) ○ سبھاش گھئی

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.29 (Question Id - 75)**

ماس میڈیا میں استعمال ہونے والی زبان ہونی چاہیے۔

(A) ○ سادہ (Correct Answer)

(B) ○ گنجلک

(C) ○ استعاراتی

(D) ○ مبہم

**Question No.30 (Question Id - 44)**

ٹی آر پی کا فل فارم کیا ہے؟

(A) ○ Total Rating Points

(B) ○ Theme Rating Points

(C) ○ Time Rating Points

(D) ○ Television Rating Points (Correct Answer)

**Question No.31 (Question Id - 7)**

ان میں سے کون سی قسم کا تعلق انٹرویو سے نہیں ہے؟

(A) ○ انٹرویو برائے حقیقت

(B) ○ انٹرویو برائے سیاحت (Correct Answer)

(C) ○ انٹرویو برائے رائے

(D) ○ انٹرویو برائے خبر

**Question No.32 (Question Id - 68)**

آسکر کے لیے جمع کی جانے والی سب سے پہلی ہندوستانی فلم کون سی تھی؟

(A) ○ مدر انڈیا **(Correct Answer)**

(B) ○ دی گائڈ

(C) ○ مدھومتی

(D) ○ امرپالی

**Question No.33 (Question Id - 62)**

لیری پیج اور سرگرے برن کس کے بانی ہیں؟

(A) ○ گوگل **(Correct Answer)**

(B) ○ کمپیوٹر

(C) ○ انٹرنیٹ

(D) ○ ای میل

**Question No.34 (Question Id - 36)**

نیوز اسٹوری میں وائس اُوور (Voice Over) کسے کہا جاتا ہے۔

I۔ ٹی وی اسکرین پر پس منظر سے آنے والی آواز کو وائس اُوور کہا جاتا ہے۔

II۔ نیوز ریڈر کے ذریعے اسکرین پر پیش کی جانے والی خبر کو وائس اُوور کہا جاتا ہے۔

III۔ کسی خبر میں ایک سے زائد وائس اُوور ہو سکتے ہیں۔

IV۔ رپورٹر، وائس اُوور کو خبر کے آخر میں اسکرین کے سامنے پیش کرتا ہے۔

(A) ○ I، II

(B) ○ II، III

(C) ○ III، IV

(D) ○ I، III **(Correct Answer)**

**Question No.35 (Question Id - 32)**

ٹِک ٹیک (Tic-Tac) کیا ہے؟

(A) ○ ٹِک ٹیک ایک ایسا انٹرویو ہے جسے رپورٹر کے ذریعے فیلڈ میں کسی مخصوص شخص سے لیا جاتا ہے۔ **(Correct Answer)**

(B) ○ مزاحیہ خبر کو ٹِک ٹیک کہتے ہیں۔

(C) ○ خبر میں استعمال ہونے والے گرافکس یا کارٹون کو ٹِک ٹیک کہا جاتا ہے۔

(D) ○ ٹی وی میں مختصر اشتہار کو ٹِک ٹیک کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

**Question No.36 (Question Id - 34)**

پی ٹی سی (PTC) کے متعلق صحیح اقوال کی نشاندہی کیجیے۔

I۔ رپورٹر کے ذریعے پیش کی گئی رپورٹ کو پی ٹی سی کہا جاتا ہے۔

II۔ رپورٹر عام طور پر نیوز اسٹوری کے آخر میں پی ٹی سی پیش کرتا ہے۔

III۔ رپورٹر، نیوز اسٹوری کے درمیان میں بھی پی ٹی سی پیش کرسکتا ہے۔

IV۔ رپورٹر، پی ٹی سی میں خبر کا تجزیہ اور اپنی رائے پیش کرتا ہے۔

(A) ○ III،II،I

(B) ○ IV،II،I

(C) ○ IV،III،II

(D) ○ ان میں سبھی درست ہیں **(Correct Answer)**

### Question No.37 (Question Id - 27)

درج ذیل میں سے کون سیریل کے نام نہیں ہیں ؟

(A) ○ نیم کا پیڑ

(B) ○ بنیاد

(C) ○ ہم لوگ

(D) ○ امراؤ جان ادا **(Correct Answer)**

### Question No.38 (Question Id - 55)

''اودھ پنچ'' کے مدیر کون تھے؟

(A) ○ پنڈت رتن ناتھ سرشار

(B) ○ منشی نول کشور

(C) ○ منشی سجاد حسین **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

### Question No.39 (Question Id - 66)

ہندوستان میں سب سے پہلے سنیما کہاں دکھایا گیا؟

(A) ○ ہندی تھیٹر کولکاتا

(B) ○ واٹکنس ہوٹل بمبئی **(Correct Answer)**

(C) ○ پارسی تھیٹر بمبئی

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

### Question No.40 (Question Id - 28)

سیریل 'مرزا غالب' کی اسکرپٹ کس نے لکھی تھی؟

(A) ○ سعادت حسن منٹو

(B) ○

کرشن چندر

(C) ○ گلزار (Correct Answer)

(D) ○ اختر الایمان

**Question No.41 (Question Id - 84)**

آل انڈیا ریڈیو کے پہلے ڈائریکٹر جنرل کون تھے؟

(A) ○ لائنیل فیلڈن

(B) ○ لارڈ میکالے

(C) ○ احمد شاہ پطرس بخاری (Correct Answer)

(D) ○ راجندر سنگھ بیدی سحر

**Question No.42 (Question Id - 12)**

فلم اسکرپٹ میں کون سے دو اہم حصے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں؟

(A) ○ موسیقی اور دھن

(B) ○ اداکار اور ہدایت کار

(C) ○ مکالمہ اور منظر نامہ (Correct Answer)

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.43 (Question Id - 24)**

'زی میڈیا کارپوریشن لمیٹڈ' کے چیئرمین کا نام کیا ہے؟

(A) ○ سبھاش چندرا (Correct Answer)

(B) ○ انور ادھا پرساد

(C) ○ سبھاش چوپڑا

(D) ○ ونود شرما

**Question No.44 (Question Id - 76)**

ارسطو کے مطابق ترسیل

(A) ○ دوطرفہ سماجی عمل ہے

(B) ○ یک طرفہ سماجی عمل ہے (Correct Answer)

(C) ○ کثیر جہتی سماجی عمل ہے

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.45 (Question Id - 1)**

فیچر کے متعلق کون سا بیان درست ہے؟

(A) ○ فیچر ایک ایسی تحریر ہوتی ہے جس میں کسی خبر، واقعے، شے، شخص یا ادارے کے گمنام، دلچسپ اور انوکھے پہلوؤں پر شگفتہ انداز میں روشنی ڈالی جاتی ہے .......... ۔

(Correct Answer)

(B) فیچر میں حقائق کی پیشکش زیادہ ضروری ہے خواہ دلچسپی قائم رہے یا نہ رہے ......... ۔

(C) فیچر میں پلاٹ، کردار، مکالمہ اور نظریۂ حیات ہوتا ہے ......... ۔

(D) فیچر میں کسی سرکاری نیم سرکاری فیصلے سے ملک کی سیاسی، سماجی اور معاشی زندگی پر اثر انداز ہونے والے پہلوؤں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔

**Question No.46 (Question Id - 56)**

اخبار کا ٹائٹل رجسٹر کرنے والا ادارہ کون سا ہے؟

(A) آر این آئی (Correct Answer)

(B) ڈی اے وی پی

(C) پی بی آئی

(D) آئی پی آر ڈی

**Question No.47 (Question Id - 30)**

درج ذیل بیانات میں صحیح پر نشان لگائیے۔

I۔ سیریل میں طویل کہانی ہوتی ہے۔

II۔ سیریل کی کہانی کو قسطوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

III۔ عام طور پر ایک ایپیسوڈ نصف گھنٹے کا ہوتا ہے۔

IV۔ سیریل کے ہر ایپیسوڈ میں نقطۂ عروج ہوتا ہے۔

(A) I,II

(B) I,III

(C) I,II,III (Correct Answer)

(D) ان میں سبھی درست ہیں

**Question No.48 (Question Id - 9)**

'بریکنگ نیوز' کسے کہتے ہیں؟

(A) وائس اوور کے بغیر ویژولس (Visuals) کے استعمال کو

(B) نیوز بلیٹن کے درمیان کسی اہم خبر کی پیشکش کو (Correct Answer)

(C) بغیر رکے مسلسل زیادہ خبریں پڑھتے جانے کو

(D) ان میں سے سبھی

**Question No.49 (Question Id - 91)**

'فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا' کہاں ہے؟

(A) ممبئی

(B) کولکاتہ

(C) پونے (Correct Answer)

(D) دہلی

**Question No.50 (Question Id - 50)**

ظفر علی خاں کس اخبار کے مدیر تھے؟

(A) ○ پیسہ

(B) ○ انقلاب

(C) ○ زمیندار **(Correct Answer)**

(D) ○ ہندوستان

**Question No.51 (Question Id - 74)**

خالی جگہ کے لیے مناسب لفظ کا انتخاب کریں۔

''ماس میڈیا۔۔۔۔۔۔۔کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔''

(A) ○ رائے عامہ **(Correct Answer)**

(B) ○ سماجی تصویر

(C) ○ ذاتی تصویر

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.52 (Question Id - 5)**

اشتہارات کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

(A) ○ رائے عامہ ہموار کرنا

(B) ○ تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار کرنا

(C) ○ عوام کو متوجہ کرنا **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.53 (Question Id - 49)**

اردو کا پہلا روزنامہ کون سا ہے؟

(A) ○ اردو گائیڈ **(Correct Answer)**

(B) ○ جامِ جہاں نما

(C) ○ دہلی اردو اخبار

(D) ○ آگرہ اخبار

**Question No.54 (Question Id - 35)**

نیوز بلیٹن میں سلگ (Slug) کے بارے میں کون سے بیان درست ہیں؟

(A) ○ نیوز بلیٹن کی ہر خبر کا ایک عنوان ہوتا ہے جسے سلگ کہا جاتا ہے۔ **(Correct Answer)**

(B) ○ نیوز پرومو کو سلگ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

(C) ○ ٹی اسکرین پر نیوز اینکر کی تصویر کے سامنے لکھے گئے نام کو سلگ کہا جاتا ہے۔

(D) ○ نیوز اسٹوری میں عوام کی رائے کو سلگ کہا جاتا ہے۔

**Question No.55 (Question Id - 93)**

خالی جگہ کے لیے مناسب لفظ کا انتخاب کریں۔

" معلومات ایک دوسرے تک پہنچانا سماج کی ترقی کے لیے ضروری ہے اور۔۔۔۔۔۔اس کے راستے ہموار کرتا ہے۔"

(A) ○ ٹیکنالوجی

(B) ○ گلوبلائزیشن

(C) ○ میڈیا **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.56 (Question Id - 45)**

سلمیٰ سلطان کس سے وابستہ تھیں؟

(A) ○ بالی ووڈ

(B) ○ دوردرشن **(Correct Answer)**

(C) ○ قومی آواز

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.57 (Question Id - 51)**

سرسید احمد خاں نے کس اخبار کے ذریعے عصری تعلیم کی مہم چلائی؟

(A) ○ دہلی اردو اخبار **(Correct Answer)**

(B) ○ جامِ جہاں نما

(C) ○ سید الاخبار

(D) ○ فوائد الناظرین

**Question No.58 (Question Id - 18)**

صحیح جوڑ ملایئے:

| List I | | List II | |
|---|---|---|---|
| | اخبار ورسائل | دورانیہ | |
| a۔ | راشٹریہ سہارا | ہفتہ وار | 1۔ |
| b۔ | فکر و تحقیق | ماہنامہ | 2۔ |
| c۔ | ایوانِ اردو | روزنامہ | 3۔ |
| d۔ | نئی دنیا | سہ ماہی | 4۔ |

Codes :

A B C D

(A) ○ 3 2 4 1

(B) ○ 3 4 2 1 **(Correct Answer)**

(C) ○ 1 2 3 4

(D) ○ 4 3 2 1

**Question No.59 (Question Id - 89)**

جیمس آگسٹس ہکی نے کون سا اخبار جاری کیا؟

(A) ○ بنگال گزٹ (Correct Answer)

(B) ○ کلکتہ نیوز

(C) ○ بنگال نیوز

(D) ○ بمبئی گزٹ

**Question No.60 (Question Id - 95)**

کس برس امیتابھ بچن کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا گیا۔

(A) ○ 1999

(B) ○ 2010

(C) ○ 2019 (Correct Answer)

(D) ○ 2018

**Question No.61 (Question Id - 52)**

''قومی آواز'' کس نظریے کا ترجمان تھا؟

(A) ○ کانگریس (Correct Answer)

(B) ○ جمعیت علمائے ہند

(C) ○ ہندو مہا سبھا

(D) ○ عیسائی مشنری

**Question No.62 (Question Id - 73)**

میڈیا کے بغیر سماج نہ صرف پوری دنیا بلکہ سرکار سے بھی۔۔۔۔۔

(A) ○ ناخوش رہے گا

(B) ○ جڑا رہے گا

(C) ○ کٹا ہوا ہوگا (Correct Answer)

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.63 (Question Id - 71)**

'Communication' کس زبان کے لفظ سے ماخوذ ہے۔

(A) ○ ہسپانوی

(B) ○ برطانوی

(C) ○ لاطینی (Correct Answer)

(D) ○ فرانسیسی

**Question No.64 (Question Id - 13)**

کس طرح کی فلموں میں تصوراتی اور غیر حقیقی باتوں سے گریز کیا جاتا ہے؟
(A) ○ ٹیلی فلم
(B) ○ دستاویزی فلم (Correct Answer)
(C) ○ فیچر فلم
(D) ○ آرٹ فلم

**Question No.65 (Question Id - 54)**

کس صحافی کو انگریزوں نے توپ کے گولے سے شہید کر دیا؟
(A) ○ ماسٹر رام چندر
(B) ○ مولوی محمد باقر (Correct Answer)
(C) ○ امام بخش صہبائی
(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.66 (Question Id - 60)**

'فیس بک' کا بانی کون ہے؟
(A) ○ مارک زوکر برگ (Correct Answer)
(B) ○ جیمس اسمتھ
(C) ○ ولیم چیری
(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.67 (Question Id - 58)**

ترقیاتی صحافت (Development Journalism) کیا ہے؟
(A) ○ سرمایہ داری کا حامی
(B) ○ تیسری دنیا کا حامی (Correct Answer)
(C) ○ غیر جانب دار
(D) ○ تیسری دنیا کا مخالف

**Question No.68 (Question Id - 80)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کریں ............ ۔
(A) ○ تماشا اور تماشائی، فلم
(B) ○ کہکشاں، ریڈیو ڈرامہ
(C) ○ چپلی لائیو، اسٹیج ڈرامہ
(D) ○ مرزا غالب، ٹیلی سیریل (Correct Answer)

**Question No.69 (Question Id - 47)**

گاندھی جی نے کون سا اخبار جاری کیا تھا؟

(A) کامریڈ

(B) ہمدرد

(C) ہری جن (Correct Answer)

(D) انڈین ایکسپریس

**Question No.70 (Question Id - 92)**

ہندوستانی سینما کی پہلی خاتون کون کہلاتی ہیں؟

(A) مینا کماری

(B) دیویکا رانی چودھری (Correct Answer)

(C) مدھو بالا

(D) ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.71 (Question Id - 82)**

درست ترتیب کی نشاندہی کریں

(A) ریڈیو، ٹی وی، ٹویٹر، اخبار

(B) اردوئے معلی، آل انڈیا ریڈیو، دوردرشن، فیس بک

(C) آل انڈیا ریڈیو، دوردرشن، ٹویٹر، زمیندار

(D) اخبار، ریڈیو، ٹی وی، انٹرنیٹ (Correct Answer)

**Question No.72 (Question Id - 94)**

ایجاد کے اعتبار سے درست زمانی ترتیب کی نشاندہی کریں ............... ۔

(A) فیس بک، انسٹاگرام، ٹویٹر، وہاٹس ایپ

(B) انسٹاگرام، ٹویٹر، فیس بک، وہاٹس ایپ

(C) فیس بک، ٹویٹر، وہاٹس ایپ، انسٹاگرام (Correct Answer)

(D) ٹویٹر، انسٹاگرام، فیس بک، وہاٹس ایپ

**Question No.73 (Question Id - 59)**

حقِ اطلاعات ایکٹ (RTI) کب نافذ ہوا؟

(A) 2004

(B) 2003

(C) 2006

(D) 2005 (Correct Answer)

**Question No.74 (Question Id - 53)**

''مرأۃ الاخبار'' کس نے جاری کیا؟

(A) ○ مہاتما گاندھی

(B) ○ ولبھ بھائی پٹیل

(C) ○ راجہ رام موہن رائے **(Correct Answer)**

(D) ○ جواہر لال نہرو

**Case Study - 75 to 79 (Question Id - 96)**

دنیا کی تمام زبانیں اپنے تحریری اظہار کے لیے گنی چنی آوازوں کا ہی استعمال کرتی ہیں یعنی یہ لاتعداد اصوات اور لاتعداد حروف کی متحمل نہیں ہوسکتیں۔ اسی بات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے فونیمیاتی نظریہ معرض وجود میں آیا۔ لسانیات کی اس اہم شاخ ''فونیمیات'' کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ کوئی ایسی تسلی بخش تکنیک مرتب کی جائے جس سے کسی زبان میں استعمال ہونے والی اصوات کی امتیازی اکائیوں کی شناخت کی جا سکے اور ان اکائیوں کو زبان کی حروفِ تہجی یا رسم الخط مرتب کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔ بہ الفاظ دیگر یہ کہا جا سکتا ہے کہ فونیمیات میں کسی زبان میں استعمال ہونے والی امتیازی اصوات کا تجزیہ ہوتا ہے۔ اس بات سے غرض نہیں کہ زبان میں استعمال ہونے والی اصوات کی ادائیگی کس طرح ہوتی ہے یا کسی صوت کو ادا کرنے کے لیے کن اعضائے تکلم کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، یا کن اعضا کی حرکت سے کوئی صوت معرضِ وجود میں آتی ہے یا کسی صوت کی ادائیگی میں ہوا دہنی جوف سے خارج ہوتی ہے یا انفی جوف سے۔ ایسے موضوعات فونیمیات کے لیے اہم نہیں ہیں۔ کسی زبان میں استعمال ہونے والی ان امتیازی اصوات کی ساخت کا تعین ہی فونیمیات کا مقصد ہے جن کی وجہ سے الفاظ کے معنی میں تبدیلی ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر اردو کے ان چند لفظی جوڑوں کو لیجیے۔

کمر (Kamar)

قمر (qamar)

تل (til)

دل (dil)

واضح رہے کہ پہلے جوڑے کے پہلے لفظ کے معنی کمر (انسانی عضو) کے ہیں اور دوسرے لفظ کے معنی چاند ہے۔ اسی طرح دوسرے جوڑے میں بھی معنوی فرق صاف ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ الفاظ کے ان جوڑوں میں پہلی صوت کو چھوڑ کر باقی اصوات ایک جیسی ہیں۔ اگر معنی میں تبدیلی واقع ہو رہی ہے تو وہ محض پہلی صوت کے بدلنے سے ہو رہی ہے یعنی 'K' (ک) کی جگہ 'q' (ق) کا استعمال یا ''ت'' کی جگہ ''د'' کا استعمال معنوی فرق پیدا کرتا ہے۔ اگر صورتِ حال اس کے برعکس ہو تو معنوی فرق نہیں پیدا ہوتا۔ اگر اصوات کا فرق لفظ کے معنی پر اثر انداز ہوتا ہے تو یہ فرق فونیمیاتی فرق کہلاتا ہے۔ لہٰذا فونیمیاتی نظریے کے مطابق 'K' (ک) اور 'q' (ق) اور ''ت'' اور ''د'' دو مختلف امتیازی اصوات ہیں۔ یعنی یہ اردو زبان میں استعمال ہونے والی ایسی امتیازی آوازیں ہیں جن کے فرق سے لفظ میں معنوی فرق پیدا ہو جاتا ہے۔

**Question No.75 (Question Id - 97)**

فونیمیات کے مطالعے میں کیا کوشش کی جاتی ہے؟

(A) ○ گنی چنی آوازوں کے استعمال کی جستجو

(B) ○ کسی زبان میں استعمال ہونے والی اصوات کی امتیازی اکائیوں کی جستجو **(Correct Answer)**

(C) ○ اصوات اور لاتعداد حروف کی جستجو

(D) ○ ان میں سے سبھی

**Question No.76 (Question Id - 98)**

ان میں سے کون سا موضوع فونیمیات کے لیے اہم نہیں ہے؟

i۔ صوت کی ادائیگی میں ہوا دہنی جوف سے خارج ہوتی ہے یا انفی جوف سے۔

ii۔ کوئی صوت کن اعضائے تکلم کی حرکت سے پیدا ہوتی ہے۔

(A) ○ صرف i

(B) ○ صرف ii

(C) ○ i اور ii دونوں **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.77 (Question Id - 99)**

دنیا کی تمام زبانیں اپنے تحریری اظہار کے لیے گنی چنی آوازوں ہی کا استعمال کرتی ہیں کیونکہ......

(A) ○ اصوات کی امتیازی اکائیاں بے شمار ہیں

(B) ○ زبان کی حروفِ تہجی یا رسم الخط کی ترتیب مشکل کام ہے

(C) ○ یہ لاتعداد اصوات اور لاتعداد حروف کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتیں **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سے سبھی

**Question No.78 (Question Id - 100)**

دل اور تل کے معنی میں تبدیلی کی وجہ کیا ہے؟

(A) ○ پہلی صوت کی تبدیلی **(Correct Answer)**

(B) ○ تمام اصوات کی تبدیلی

(C) ○ زیر اور زبر کی تبدیلی

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.79 (Question Id - 101)**

فونیمیاتی فرق کسے کہتے ہیں؟

(A) ○ معنوی فرق واضح ہونے کو

(B) ○ اصوات کے فرق سے لفظ کے معنی متاثر ہونے کو **(Correct Answer)**

(C) ○ معنوی فرق واضح ہونے کو

(D) ○ اصوات کے فرق سے لفظ کے معنی پر اثر نہ پڑنے کو

**Question No.80 (Question Id - 83)**

نیوز اسٹوری میں استعمال ہونے والی بائٹ (Byte) کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

I۔ ٹی وی خبر میں کسی فرد کے بیان کو بائیٹ (Byte) کہا جاتا ہے۔

II۔ ٹی وی خبر کے ایک حصّے کو بائیٹ (Byte) کہا جاتا ہے۔

III۔ ایک خبر میں ایک سے زیادہ بائیٹ (Byte) ہو سکتے ہیں۔

IV۔ خبر میں بائیٹ (Byte)، وائس اُوور کے فوراً بعد آتا ہے۔

(A) ○ I، III

(B) ○ II، III

(C) ○ III، IV

(D) ○ I، III، IV (Correct Answer)

**Question No.81 (Question Id - 17)**

دادا صاحب پھالکے ایوارڈ جیتنے والی ان شخصیات کی ایوارڈ جیتنے کی صحیح ترتیب بتائیے:

(A) ○ دیویکا رانی، اشوک کمار، دلیپ کمار، مجروح سلطان پوری

(B) ○ دیویکا رانی، اشوک کمار، مجروح سلطان پوری، دلیپ کمار (Correct Answer)

(C) ○ دلیپ کمار، دیویکا رانی، اشوک کمار، مجروح سلطان پوری

(D) ○ اشوک کمار، دیویکا رانی، دلیپ کمار، مجروح سلطان پوری

**Question No.82 (Question Id - 26)**

سیریل ''تحریر منشی پریم چند کی'' کے ڈائریکٹر کا نام کیا تھا۔

(A) ○ خواجہ احمد عباس

(B) ○ عصمت چغتائی

(C) ○ گلزار (Correct Answer)

(D) ○ شمع زیدی

**Question No.83 (Question Id - 46)**

الہلال اخبار کس نے جاری کیا تھا؟

(A) ○ مولانا ابوالکلام آزاد (Correct Answer)

(B) ○ مولانا ظفر علی خان

(C) ○ مولانا محمد علی جوہر

(D) ○ علامہ اقبال

**Question No.84 (Question Id - 77)**

عوامی ذرائع ترسیل میں فیڈ بیک / ردعمل حاصل ہوتا ہے ........... ۔

(A) ○ بالواسطہ

(B) ○ بلاواسطہ (Correct Answer)

(C) ○ 1 اور 2 دونوں

(D) ○

ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.85 (Question Id - 37)**

'شارٹ فلم' کے متعلق کون سے اقوال درست ہیں:

I۔ 'شارٹ فلم' میں ٹیلی ڈراما اور ٹیلی فلم کے عناصر پائے جاتے ہیں۔

II۔ شارٹ فلم میں کسی ایک نقطۂ نظر یا خیال کی پیش کش ہوتی ہے۔

III۔ شارٹ فلم کو ٹی وی اصطلاح میں فلر (Filler) کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

IV۔ 'ذرا سوچیے'، شارٹ فلم کی ایک ٹی وی سریز کا نام ہے۔

(A) ○ I,II

(B) ○ II,III,IV

(C) ○ I,II,IV

(D) ○ ان میں سبھی درست ہیں **(Correct Answer)**

**Question No.86 (Question Id - 31)**

ٹیلی اشتہار کی خصوصیات کیا ہیں؟

I۔ ٹیلی اشتہار کی فلم بندی سے قبل اسکرپٹ لکھی جاتی ہے۔

II۔ ٹیلی اشتہار میں ایک سلوگن یا پنچ لائن ہوتی ہے۔

III۔ ٹیلی اشتہار کا مقصد تجارتی ہوتا ہے۔

IV۔ ٹیلی اشتہار میں کوئی اطلاع نہیں ہوتی ہے۔

(A) ○ I,II

(B) ○ II,III

(C) ○ I,II,III **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سبھی درست ہیں

**Question No.87 (Question Id - 6)**

مشرقی دہلی میں دو کمروں اور ایک ڈرائنگ روم پر مشتمل فلیٹ،
فرنیچر اور ساز و سامان سے آراستہ، دونوں کمروں میں بالکنی،
پارکنگ اور لفٹ کی سہولت۔ کرایہ 12000 ماہانہ، رابطہ کریں۔
ا،ب،ت

یہ اشتہار کی کس نوعیت کی مثال ہے؟

(A) ○ تصویری درجہ بند اشتہار (Display Classified Advertisement)

(B) ○ تصویری اشتہار (Display Advertisement)

(C) ○ درجہ بند اشتہار (Classified Advertisement) **(Correct Answer)**

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں۔

**Question No.88 (Question Id - 85)**

ریڈیو سے نشر ہونے والے پروگراموں کو عام طور سے ............... میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(A) ○ موسیقی اور اسپوکن ورڈس (Correct Answer)

(B) ○ ڈرامہ اور خبریں

(C) ○ فیچر اور ٹاک

(D) ○ انٹرویو اور مباحثہ

**Question No.89 (Question Id - 3)**

خوشونت سنگھ اور کلدیپ نیر کس صحافتی صنف کے لیے شہرت رکھتے ہیں؟

(A) ○ فیچر

(B) ○ اداریہ

(C) ○ خبر نگاری

(D) ○ کالم (Correct Answer)

**Question No.90 (Question Id - 86)**

ٹیلی ویژن کا موجد ان میں سے کون ہے؟

(A) ○ جان ایل بیئرڈ (Correct Answer)

(B) ○ تھامس ایلوا ایڈیسن

(C) ○ الیکزینڈر گراہم بیل

(D) ○ ان میں سے کوئی نہیں

**Question No.91 (Question Id - 61)**

'انسٹاگرام' کب شروع ہوا؟

(A) ○ 2010 (Correct Answer)

(B) ○ 2011

(C) ○ 2012

(D) ○ 2013

**Question No.92 (Question Id - 23)**

نیوز چینل NDTV کے بنیادگزار کے نام کی نشاندہی کیجیے۔

(A) ○ پرنورائے (Correct Answer)

(B) ○ ونود دوا

(C) ○ برکھا دت

(D) ○ راج دیپ سردیسائی

**Question No.93 (Question Id - 38)**

ہندوستان کا پہلا کنٹرولر آف براڈ کاسٹنگ کون تھا؟

(A) ○ لائنیل فیلڈن (Correct Answer)

(B) ○ ذوالفقار علی بخاری

(C) ○ سعادت حسن منٹو

(D) ○ کرشن چندر

**Question No.94 (Question Id - 79)**

صحیح جوڑ کی نشاندہی کریں ............

(A) ○ DAVP ، سرکاری تشہیری ادارہ **(Correct Answer)**

(B) ○ All India News، ANI

(C) ○ AFP ، ہندوستانی خبر رساں ادارہ

(D) ○ Universal News of India، UNI

**Question No.95 (Question Id - 25)**

فیچر فوٹوگرافی کے شعبے میں Pulitzer Prize-2020 سے نوازے گئے صحافیوں کے نام کی نشاندہی کیجیے؟

I۔ یٰسین ڈار          II۔ مختار خان

III۔ چانّی آنند          IV۔ سدھارتھ وردارا جن

(A) ○ I,II,III **(Correct Answer)**

(B) ○ I,III,IV

(C) ○ II,III,IV

(D) ○ I,II,IV

**Question No.96 (Question Id - 72)**

'میڈیا' کے معنی ہیں

(A) ○ ذریعہ **(Correct Answer)**

(B) ○ طریقہ

(C) ○ ریڈیو

(D) ○ ابلاغ

**Question No.97 (Question Id - 14)**

ترقی ونشوونما کے لیے کی جانے والی ترسیل سے وابستہ حکمتِ عملی کو آپ کیا کہیں گے؟

(A) ○ پروپگینڈا

(B) ○ سوشل مارکیٹنگ **(Correct Answer)**

(C) ○ مذہبی تبلیغ

(D) ○ دیہی تشہیر

**Question No.98 (Question Id - 21)**

ڈی ڈی نیشنل کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

○

(A) 1982 **(Correct Answer)**

(B) 1984

(C) 1986

(D) 1988

**Question No.99 (Question Id - 48)**

اخبار کا اداریہ کون سے صفحہ پر ہوتا ہے؟

(A) اول

(B) آخری

(C) اداریتی **(Correct Answer)**

(D) اِن میں سے کوئی نہیں

**Question No.100 (Question Id - 8)**

ریڈیو جوکی کے لیے کون سی خصوصیات ضروری خیال کی جاتی ہیں؟

(A) دل کش آواز

(B) آواز کا اتار چڑھاؤ اور منفرد اندازِ پیشکش

(C) زبان پر قدرت اور روانی

(D) ان میں سے سبھی **(Correct Answer)**

Save & Print